اخبار الجامعۃ

عبدالرحیم روزی

20-2-99 جامعہ دارالعلوم میں نصف سال کے امتحانات ہوئے۔

28-3-99 عیدالاضحیٰ کے موقع پر مخیّر حضرات کی طرف سے قربانیاں ذبح کر کے تقسیم کی گئیں۔

28-4-99 لجنۃ شئون الطلاب کے زیرانتظام طلباء کاانعامی جلسہ بعنوان "شان صحابہ" منعقد ہوا۔ قیمتی کتابوں اور نقد انعامات سے مقررین کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

9-5-99 مولانا گل مست خان خطیب جامع مسجد گماری چلاس اور مولانا محمد ایاز خان خطیب مرکزی جامع مسجد چلاس کی سربراہی میں ایک وفد تشریف لایا۔

2-6-99 سعودیہ عربیہ سے الشیخ عبدالرحمٰن بن عبداللہ الغیث نے قدم رنجہ فرمایا۔ اپنے خطاب میں کلیۃ الشریعۃ تعمیر کرنے کا اعلان فرمایا۔ آپ کے ساتھ محمد عبدالرحمٰن العطاء اللہ مدیر مکتب الدعوۃ اسلام آباد بھی تھے۔

8-6-99 مرکز طیبہ مرید کے کی انتظامیہ: الشیخ حافظ عبدالغفار اعوان، پروفیسر ظفر اقبال اور مولانا یعقوب تشریف لائے۔ اساتذہ، طلباء اور عوام الناس سے خطاب کئے۔

11-6-99 جمعیت اہلحدیث بلتستان کے اہتمام سے مجاہدین کرگل و بٹالک کے لئے خشک راشن جمع کر کے چھوربٹ اور کھرمنگ کے متعلقہ پوسٹوں تک پہنچایا گیا۔

16-6-99 طلباء کا سالانہ اختتامی جلسہ قائم ہوا جس میں ایک نصیحت آموز ڈرامہ بھی پیش کیا گیا۔

19-6-99 جامعہ دارالعلوم کے برانچ مدارس میں سالانہ امتحان کا آغاز ہوا۔

25-6-99 مرکز الدعوۃ کے امیر جناب حافظ سعید، جناب امیر حمزہ، جناب ذکی الرحمٰن اور شیخ عبدالرحمٰن عابد پر مشتمل وفد بلتستان کے دورے پر آیا اور بلتستان کی بڑی بڑی مساجد میں جہاد کے حوالے سے خطاب ہوئے۔

17-7-99 کلیۃ الشریعہ کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ اس موقع پر اساتذہ کرام اور انتظامیہ کے علاوہ الشیخ ثناء اللہ عبدالرحیم عبقریوگوی (حال ریاض) اور حافظ عبدالحمید کریسی (حال بحرین) بھی موجود تھے۔

18-7-99 عصر حاضر کے مشہور مصنف و مترجم مولانا محمود احمد غضنفر جامعہ میں تشریف لائے۔

19-7-99 جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ کے مدرسین کا وفد مولانا عبدالحمید کے زیر قیادت تشریف لایا۔

21-7-99 جامعہ دارالعلوم کا سالانہ نتیجہ سنایا گیا۔ ثالثہ متوسطہ کے طالب علم حافظ ساجد عبدالملک نے اول، منتہی طالب علم سیف اللہ عبدالرحیم نے دوم اور اولیٰ ثانویہ کے یاسین عبداللہ نے سوم پوزیشن حاصل کی۔